© rasailojaraid.com



# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

قمر احمد عثمانی رحمہ اللہ

فخرِ نبوت، فخر رسالت صلی اللہ علیہ وسلم
صاحب دیں و سرتاجِ شریعت صلی اللہ علیہ وسلم

گنجِ صداقت ، مخزنِ حکمت صلی اللہ علیہ وسلم
کانِ دیانت ، جانِ امانت صلی اللہ علیہ وسلم

حاملِ قرآں، محرمِ یزداں، منبعِ ایماں، مصدرِ عرفاں
جلوۂ وحدت ، مظہرِ قدرت صلی اللہ علیہ وسلم

ذاتِ مکرم ، خلقِ مجسم ، سرورِ عالم، رہبرِ اعظم
لطفِ سراپا ، پیکرِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم

چہرۂ انور صبحِ درخشاں، لوحِ جبیں مہتاب فروزاں
نورِ نبوت ، نورِ ہدایت صلی اللہ علیہ وسلم

صاحب اَسریٰ ، رہ رُوِ اقصیٰ ، مظہرِ ثم دَنا فتدلٰی
عرش نشین و ہمدمِ خلوت صلی اللہ علیہ وسلم

روضۂ اقدس، قبلۂ عالم، کوچہ بطحا، کعبۂ دوراں
گنبدِ خضرا ، قصرِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم

ذکرِ مبارک وردِ زباں ہو، پیشِ نظر طیبہ کا سماں ہو
دل ہو قمر ، آئینۂ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

(مطبوعہ: ماہنامہ ''فیض الاسلام'' راولپنڈی)

# نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر محمد اکرام تائبؔ

سمجھ آتی نہیں گنجینۂ اسرار کی باتیں
سبھی حیران ہیں سن کر خدا کے یار کی باتیں

عروجِ عظمتِ انساں وہی معراج کا قصہ
معمہ ہیں بنی اب تک فلک سے پار کی باتیں

قمر کو توڑنا پھر جوڑنا سورج پلٹ آنا
سبھی ہیں ماورائے عقل اس دلدار کی باتیں

کھلایا پیٹ بھر کر دوسروں کو خود رہے بھوکے
زمانہ کس طرح بھولے ترے ایثارے کی باتیں

یہی اک آستانہ ہے سکونِ قلب کا مرکز
مداوا ہر مرض کا ہیں مرے غم خوار کی باتیں

یہی جی چاہتا ہے رات دن سنتا رہوں تائبؔ
کوئی کرتا رہے بیٹھا میری سرکار کی باتیں



© rasailojaraid.com